يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ كُونُواْ قَوَّامِينَ لِلّهِ شُهَدَاء بِالْقِسْطِ

اے ایمان والو! کھڑے ہو جایا کرو اللہ کے واسطے گواہی دینے کو انصاف کی،

# الْمَآئِدَة

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

---

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ أَوْفُواْ بِالْعُقُودِ

اے ایمان والو! پورا کرو قرار (عہد و پیان)۔

أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيمَةُ الأَنْعَامِ إِلاَّ مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ

حلال ہوئے تم کو چوپائے مویشی، سوا اسکے جو تم کو سنا دیں گے،

غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنتُمْ حُرُمٌ

مگر حلال نہ جانو شکار کو اپنے احرام میں۔

إِنَّ اللّهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيدُ(١)

(بیشک) اللہ حکم کرتا ہے جو چاہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تُحِلُّواْ شَعَآئِرَ اللّهِ وَلاَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ

اے ایمان والو! حلال نہ سمجھو اللہ کے نام کی چیزیں اور نہ ادب والا مہینہ،

وَلاَ الْهَدْيَ وَلاَ الْقَلآئِدَ

اور نہ نیاز کے جانور جو کعبے کو جائیں، اور نہ (انکی جنکے) گلے میں لٹکن والیاں (پٹے ہیں)

وَلا آمِّينَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّن رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا

اور نہ آنے والوں کو ادب والے گھر کی طرف، کہ ڈھونڈتے ہیں فضل اپنے رب کا اور خوشی۔

وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُواْ

اور جب احرام سے نکلو تو شکار کرو۔

وَلاَ يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَن تَعْتَدُواْ

اور باعث نہ ہوتم کوایک قوم کی دُشمنی کہ تم کو روکتے تھے ادب والی مسجد سے، اس پر کہ زیادتی کرو۔

وَتَعَاوَنُواْ عَلَى الْبرِّ وَالتَّقْوَى

اور آپس میں مدد کرو نیک کام پر اور پرہیزگاری پر،

وَلاَ تَعَاوَنُواْ عَلَى الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُواْ اللّهَ

اور مدد نہ کرو گناہ پر اور زیادتی پر، اور ڈرتے رہو اللہ سے۔

إِنَّ اللّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ(٢)

(بیشک) اللہ کا عذاب سخت ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالْدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّهِ بِهِ

حرام ہوا تم پر مُردہ، اور لہو، اور گوشت سور (خنزیر) کا، اور جس چیز پر نام پکارا اللہ کے سوا (غیر اللہ) کا،

وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ

اور جو مر گیا (گلا) گھٹ کر، یا چوٹ سے یا گر کر یا سینگ مارے (لگنے) سے،

وَمَا أَكَلَ السَّبُعُ إِلاَّ مَا ذَكَّيْتُمْ

اور جسکو کھایا پھاڑنے والے (درندے) نے، مگر جو ذبح کرلیا۔

وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَن تَسْتَقْسِمُواْ بِالأَزْلاَمِ ذَلِكُمْ فِسْقٌ

اور (حرام ہے) جو ذبح ہوا کسی تھان (آستانے) پر، اور یہ کہ بانٹا (قسمت معلوم) کرو پانسے ڈال کر۔ یہ گناہ کا کام ہے۔

الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِن دِينِكُمْ فَلاَ تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ

آج ناامید ہوئے کافر تمہارے دین سے، سو اُن سے مت ڈرو، اور مجھ سے ڈرو،

الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الإِسْلاَمَ دِينًا

آج میں پورا دے چکا تم کو دین تمہارا اور پورا کیا تم پر میں نے احسان اپنا اور پسند کیا میں نے تمہارے واسطے دین مسلمانی (اسلام)۔

فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ فَإِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٣)

پھر جو کوئی ناچار (مجبور) ہو گیا بھوک میں، کچھ گناہ پر نہیں ڈھلتا، تو اللہ بخشنے والا ہے مہربان۔

يَسْأَلُونَكَ مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ

تجھ سے پوچھتے ہیں کہ انکو کیا حلال ہے،

قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ

تو کہہ، تم کو حلال ہیں ستھری چیزیں،

وَمَا عَلَّمْتُم مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّهُ

اور جو سدھاؤ شکاری جانور (شکار پر) دوڑانے کو، کہ انکو سکھاتے ہو کچھ ایک جو اللہ نے تم کو سکھایا ہے،

فَكُلُواْ مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُواْ اسْمَ اللّهِ عَلَيْهِ

سو کھاؤ اس میں سے کہ رکھ چھوڑیں تمہارے واسطے، اور اللہ کا نام لو اس پر۔

وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ (٤)

اور ڈرتے رہو اللہ سے۔ (بیشک) اللہ شتاب (جلدی) لینے والا ہے حساب۔

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ

آج حلال ہوئیں تم کو سب چیزیں ستھری (پاکیزہ)۔

وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلُّ لَّهُمْ

اور کتاب والوں کا کھانا تم کو حلال ہے، اور تمہارا کھانا انکو حلال ہے،

وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ

اور (حلال ہیں) قید والی عورتیں مسلمان، اور قید والی عورتیں کتاب والوں کی،

إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلاَ مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ

جب دو انکو مہر انکے، قید (نکاح) میں لانے کو، نہ مستی نکالنے کو، اور نہ چھپی آشنائی کرنے کو۔

وَمَن يَكْفُرْ بِالإِيمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُوَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ(٥)

اور جو کوئی منکر ہوا ایمان سے اسکی محنت ضائع ہوئی، اور آخرت میں وہ ہارنے والوں میں ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلاةِ

اے ایمان والو! جب اٹھو (کھڑے ہو) نماز کو (کیلئے)،

فَاغْسِلُواْ وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُواْ بِرُؤُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَينِ

تو دھولو اپنے منہ، اور ہاتھ کہنیوں تک، اور مل (مسح کر) لو اپنے سَر کو اور پاؤں (دھولو) ٹخنوں تک۔

وَإِن كُنتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُواْ

اور اگر تم کو (حالت) جنابت ہو تو (نہا کر) خوب طرح پاک ہو۔

وَإِن كُنتُم مَّرْضَى أَوْ عَلَى سَفَرٍ أَوْ جَاء أَحَدٌ مَّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ أَوْ لاَمَسْتُمُ النِّسَاء

اور اگر تم بیمار ہو، یا سفر میں، یا ایک شخص تم میں آیا ہے جائے ضرور (بیت الخلا) سے، یا لگے (مباشرت کی) ہو عورتوں سے،

فَلَمْ تَجِدُواْ مَاء فَتَيَمَّمُواْ صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُواْ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُم مِّنْهُ

پھر نہ پاؤ پانی، تو قصد (تیمم) کرو زمین (مٹی) پاک کا، اور مل (مسح کر) لو اپنے منہ اور ہاتھ اس سے،

مَا يُرِيدُ اللّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ

اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کچھ مشکل رکھے،

وَلَـكِن يُرِيدُ لِيُطَهَّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ(٦)

اور لیکن چاہتا ہے کہ تم کو پاک کرے، اور اپنا احسان پورا کیا چاہے (کرنا چاہتا ہے) تم پر، کہ شاید تم احسان مانو۔

وَاذْكُرُواْ نِعْمَةَ اللّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي وَاثَقَكُم بِهِ

اور یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اُوپر، اور عہد اس کا جو تم سے ٹھہرایا (لیا)،

إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا

جب تم نے کہا کہ ہم نے سُنا اور مانا۔

وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ(٧)

اور ڈرتے رہو اللہ سے، (بیشک) اللہ جانتا ہے جیوں (دلوں) کی بات۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ كُونُواْ قَوَّامِينَ لِلّهِ شُهَدَاء بِالْقِسْطِ

اے ایمان والو! کھڑے ہو جایا کرو اللہ کے واسطے گواہی دینے کو انصاف کی،

وَلاَ يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَلاَّ تَعْدِلُواْ

اور ایک قوم کی دشمنی کے باعث عدل نہ چھوڑو۔

اعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى وَاتَّقُواْ اللّهَ

عدل کرو۔ یہی بات لگتی ہے تقوی سے۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے۔

إِنَّ اللّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ(٨)

اللہ کو خبر ہے جو کرتے ہو۔

وَعَدَ اللّهُ الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيمٌ (٩)

وعدہ دیا اللہ نے ایمان والوں کو، جو نیک عمل کرتے ہیں کہ اُن کو بخشا ہے اور بڑا ثواب ہے۔

وَالَّذِينَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ (١٠)

اور جو لوگ منکر ہوئے اور جھٹلائیں ہماری آیتیں وہ ہیں دوزخ والے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اذْكُرُواْ نِعْمَتَ اللّهِ عَلَيْكُمْ

اے ایمان والو! یاد رکھو احسان اللہ کا اپنے اوپر،

إِذْ هَمَّ قَوْمٌ أَن يَبْسُطُواْ إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ

جب قصد کیا ایک لوگوں نے کہ تم پر ہاتھ چلائیں، پھر روک لئے تم سے اُنکے ہاتھ،

وَاتَّقُواْ اللّهَ وَعَلَى اللّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ(١١)

اور ڈرتے رہو اللہ سے۔ اور اللہ پر چاہیئے بھروسا ایمان والوں کو۔

وَلَقَدْ أَخَذَ اللّهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَآئِيلَ وَبَعَثْنَا مِنهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا

اور لے چکا ہے اللہ عہد بنی اسرائیل کا، اور اٹھائے (مقرر کئے) ہم نے اُن میں بارہ سردار۔

وَقَالَ اللّهُ إِنِّي مَعَكُمْ

اور کہا اللہ نے میں تمہارے ساتھ ہوں،

لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلاَةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ وَآمَنتُم بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللّهَ قَرْضًا حَسَنًا

تم اگر کھڑی رکھو گے نماز اور دیتے رہو گے زکوۃ، اور یقین لاؤ گے میرے رسولوں پر اور انکو مدد دو گے، اور قرض دو گے اللہ کو، اچھی طرح کا قرض،

لَّأُكَفِّرَنَّ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ

تو میں اتاروں گا تم سے بُرائیاں تمہاری، اور داخل کروں گا تم کو باغوں میں کہ بہتی نیچے اُنکے نہریں،

فَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَلِكَ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاء السَّبِيلِ(١٢)

پھر جو کوئی منکر ہوا تم میں اسکے بعد، وہ بیشک بھولا سیدھی راہ سے۔

فَبِمَا نَقْضِهِم مِّيثَاقَهُمْ لَعنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً

سواُنکے عہد توڑنے پر ہم نے انکو لعنت کی، اور کر دیئے انکے دل سیاہ۔

يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِ وَنَسُواْ حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُواْ بِهِ

بدلتے ہیں کلام (اللہ) کو اپنے ٹھکانے (اسکی اصل جگہ) سے، اور بھول گئے ایک فائدہ لینا اس نصیحت سے جو انکو کی تھی۔

وَلاَ تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلَىَ خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ إِلاَّ قَلِيلاً مِّنْهُمُ

اور ہمیشہ تو خبر پاتا ہے انکی ایک دغا (خیانت) کی، مگر تھوڑے لوگ ان میں۔

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ إِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ(١٣)

سو معاف کر اور درگذر (کر) اُن سے، (بیشک) اللہ چاہتا (پسند کرتا) ہے نیکی (اچھا کرنے) والوں کو۔

وَمِنَ الَّذِينَ قَالُواْ إِنَّا نَصَارَى أَخَذْنَا مِيثَاقَهُمْ

اور وہ جو کہتے ہیں آپ (خود) کو نصارٰی، اُن سے بھی لیا تھا ہم نے عہد اُنکا،

فَنَسُواْ حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُواْ بِهِ

پھر بھول گئے ایک فائدہ لینا، اس نصیحت سے جو اُنکو کی تھی،

فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاء إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

پھر ہم نے لگا دی (اُنکے درمیان) آپس میں دشمنی اور کینہ قیامت کے دن تک۔

وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّهُ بِمَا كَانُواْ يَصْنَعُونَ(١٤)

اور آخر جزا دیگا اُن کو اللہ جو کرتے تھے۔

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءكُمْ رَسُولُنَا

اے کتاب والو! آیا تم پاس رسول ہمارا،

يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِّمَّا كُنتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ

کھولتا ہے تم پر بہت چیزیں جو تم چھپاتے تھے کتاب کی، اور درگذر کرتا ہے بہت چیز سے۔

قَدْ جَاءكُم مِّنَ اللّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِينٌ(١٥)

تم پاس آئی ہے اللہ کی طرف سے روشنی، اور کتاب بیان کرتی ۔

يَهْدِي بِهِ اللّهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ السَّلاَمِ

جس سے اللہ راہ پر لاتا ہے جو کوئی تابع ہوا اسکی رضا کا، بچاؤ کی راہ پر،

وَيُخْرِجُهُم مِّنِ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ(١٦)

اور انکو نکالتا ہے اندھیروں سے روشنی میں اپنے حکم سے، اور ان کو چلاتا ہے سیدھی راہ ۔

لَّقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَآلُواْ إِنَّ اللّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ

بیشک کافر ہوئے جنہوں نے کہا اللہ وہی مسیح ہے مریم کا بیٹا ۔

قُلْ فَمَن يَمْلِكُ مِنَ اللّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ أَن يُهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ وَمَن فِي الأَرْضِ جَمِيعًا

تو کہہ پھر کس کا کچھ چلتا ہے اللہ سے، اگر وہ چاہے کہ کھپا دے (فنا کردے) مسیح مریم کے بیٹے کو اور اسکی ماں کو اور جتنے لوگ زمین میں سارے ۔

وَلِلّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

اور اللہ کو ہے سلطنت آسمان و زمین کی اور جو دونوں کے بیچ ہے ۔

يَخْلُقُ مَا يَشَاء وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ(١٧)

بناتا ہے جو چاہے ۔ اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ۔

وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى نَحْنُ أَبْنَاء اللّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ

اور کہتے ہیں یہود اور نصاریٰ ہم بیٹے ہیں اللہ کے، اور اس کے پیارے ۔

قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُم بَلْ أَنتُم بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ

تو کہہ پھر کیوں عذاب کرتا ہے تم کو تمہارے گناہوں پر؟ کوئی نہیں، تم بھی ایک انسان ہو اسکی پیدائش میں،

يَغْفِرُ لِمَن يَشَاء وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاء

بخشے جس کو چاہے اور عذاب کرے جس کو چاہے ۔

وَلِلّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ(١٨)

اور اللہ کو ہے سلطنت آسمان و زمین کی، اور جو دونوں کے بیچ ہے ۔ اور اسی کی طرف رجوع (لوٹ کر جانا) ہے ۔

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ

اے کتاب والو! آیا ہے تم پاس رسول ہمارا، توڑا پڑے پیچھے رسولوں کا (سلسلہ رسالت منقطع رہنے کے بعد)،

أَن تَقُولُواْ مَا جَاءنَا مِن بَشِيرٍ وَلاَ نَذِيرٍ فَقَدْ جَاءكُم بَشِيرٌ وَنَذِيرٌ

کبھی (مبادا) تم کہو کہ ہم پاس نہ آیا کوئی خوشی اور ڈر سنانے والا۔ سو آ چکا تمہارے پاس خوشی اور ڈر سنانے والا۔

وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ(١٩)

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُواْ نِعْمَةَ اللّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنبِيَاء وَجَعَلَكُم مُّلُوكًا

اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو، اے قوم! یاد کرو، احسان اللہ کا اپنے اوپر، جب پیدا کئے تم میں نبی اور کر دیا تم کو بادشاہ۔

وَآتَاكُم مَّا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِّن الْعَالَمِينَ(٢٠)

اور دیا تم کو جو نہیں دیا کسی کو جہان میں۔

يَا قَوْمِ ادْخُلُوا الأَرْضَ المُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللّهُ لَكُمْ

اے قوم! داخل ہو زمین پاک ہے (ارضِ مقدس میں)، جو لکھ دی ہے اللہ نے تم کو،

وَلاَ تَرْتَدُّوا عَلَى أَدْبَارِكُمْ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ (٢١)

اور الٹے نہ (اگر پسپا ہو) جاؤ اپنی پیٹھ پر، پھر جا پڑو گے نقصان میں۔

قَالُوا يَا مُوسَى إِنَّ فِيهَا قَوْمًا جَبَّارِينَ وَإِنَّا لَن نَّدْخُلَهَا حَتَّىَ يَخْرُجُواْ مِنْهَا

بولے، اے موسیٰ! وہاں ایک لوگ ہیں زبردست۔ اور ہرگز وہاں نہ جائیں گے، جب تک وہ نکل چکیں وہاں سے۔

فَإِن يَخْرُجُواْ مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ (٢٢)

پھر اگر وہ نکلیں وہاں سے، تو ہم داخل ہوں۔

قَالَ رَجُلاَنِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْعَمَ اللّهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُواْ عَلَيْهِمُ الْبَابَ

کہا دو مردوں نے ڈر والوں میں سے، خدا کی نوازش تھی اُن دو پر، پیٹھ (گھس) جاؤ اُن پر حملہ کر کر دروازے میں۔

فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ

پھر جب تم اس میں پیٹھو (داخل ہو)، تو تم غالب ہو۔

وَعَلَى اللّهِ فَتَوَكَّلُواْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (٢٣)

اور اللہ پر بھروسا کرو اگر یقین رکھتے ہو۔

قَالُواْ يَا مُوسَى إِنَّا لَن نَّدْخُلَهَا أَبَدًا مَّا دَامُواْ فِيهَا

بولے، اے موسیٰ! ہم ہرگز نہ جائیں ساری عمر، جب تک وہ رہیں گے اس میں،

فَاذْهَبْ أَنتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلا إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ (٢٤)

سوتُو جا اور تیرا رب دونوں لڑو، ہم یہاں ہی بیٹھے ہیں۔

قَالَ رَبِّ إِنِّي لا أَمْلِكُ إِلاَّ نَفْسِي وَأَخِي فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ (٢٥)

بولا، اے رب! میرے اختیار میں نہیں، مگر میری جان اور میرا بھائی، سوفرق کرتو ہم میں اور بے حکم قوم میں۔

قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ سَنَةً يَتِيهُونَ فِي الأَرْضِ

کہا تو وہ (سرزمین) ان سے بند ہوئی چالیس برس۔ سر مارتے (بھٹکتے) پھریں گے ملک میں۔

فَلاَ تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ (٢٦)

سوتو افسوس نہ کر بے حکم لوگوں پر۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ

اور سنا ان کو احوال تحقیق آدم کے دو بیٹوں کا۔

إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِن أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الآخَرِ

جب نیاز (قربانی) کی دونوں نے کچھ نیاز، پھر قبول ہوئی ایک سے اور نہ قبول ہوئی دوسرے سے،

قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ

(اس نے) کہا میں تجھ کو مار ڈالوں گا۔

قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ (٢٧)

وہ بولا کہ اللہ قبول کرتا ہے (قربانی) سو ادب والوں (پرہیزگاروں) سے۔

لَئِن بَسَطتَ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِي مَا أَنَاْ بِبَاسِطٍ يَدِيَ إِلَيْكَ لَأَقْتُلَكَ

اگر تو ہاتھ چلائے گا مجھ کو مارنے کو میں نہ ہاتھ چلاؤں گا تجھ پر مارنے کو۔

إِنِّي أَخَافُ اللّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ﴿٢٨﴾

میں ڈرتا ہوں اللہ سے، جو صاحب ہے سب جہان کا۔

إِنِّي أُرِيدُ أَن تَبُوءَ بِإِثْمِي وَإِثْمِكَ فَتَكُونَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ

میں چاہتا ہوں کہ تو حاصل کرے (سمیٹ لے) میرا گناہ، اور اپنا گناہ، پھر ہو دوزخ والوں میں۔

وَذَلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ﴿٢٩﴾

اور یہی ہے سزا بے انصافوں کی۔

فَطَوَّعَتْ لَهُ نَفْسُهُ قَتْلَ أَخِيهِ فَقَتَلَهُ فَأَصْبَحَ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٣٠﴾

پھر اس کو راضی کیا اُسکے نفس نے خون پر اپنے بھائی کے، پھر اسکو مار ڈالا تو ہو گیا زیان (نقصان اٹھانے) والوں میں۔

فَبَعَثَ اللّهُ غُرَابًا يَبْحَثُ فِي الأَرْضِ لِيُرِيَهُ كَيْفَ يُوَارِي سَوْءَةَ أَخِيهِ

پھر بھیجا اللہ نے ایک کوا کریدتا زمین کو کہ اس کو دکھائے کس طرح چھپاتا ہے عیب اپنے بھائی کا۔

قَالَ يَا وَيْلَتَا أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُونَ مِثْلَ هَذَا الْغُرَابِ فَأُوَارِيَ سَوْءَةَ أَخِي

بولا، اے خرابی! کہ مجھ سے اتنا نہ ہوسکا کہ ہوں برابر اس کوے کے، کہ میں چھپاؤں عیب اپنے بھائی کا،

فَأَصْبَحَ مِنَ النَّادِمِينَ ﴿٣١﴾

پھر لگا پچھتانے۔

مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ كَتَبْنَا عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ

اسی سبب سے۔ لکھا (فرض کر دیا) ہم نے بنی اسرائیل پر

أَنَّهُ مَن قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا

کہ جو کوئی مار ڈالے ایک جان، سوائے بدلے جان کے، یا فساد کرنے پر ملک میں، تو گویا مار ڈالا سب لوگوں کو۔

وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا

اور جس نے جلایا (زندگی دی) ایک جان کو، گویا جلایا (زندہ کیا) سب لوگوں کو۔

وَلَقَدْ جَاءتْهُمْ رُسُلُنَا بِالبَيِّنَاتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم بَعْدَ ذَلِكَ فِي الأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ ﴿٣٢﴾

لا چکے ہیں اُن پاس رسول ہمارے صاف حکم، پھر بہت لوگ ان میں اس پر بھی ملک میں دست درازی کرتے ہیں۔

إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الأَرْضِ فَسَادًا

یہی سزا ہے انکی جو لڑائی کرتے ہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے، اور دوڑتے ہیں ملک میں، فساد کرنے کو،

أَن يُقَتَّلُواْ أَوْ يُصَلَّبُواْ أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم مِّنْ خِلافٍ أَوْ يُنفَوْاْ مِنَ الأَرْضِ

کہ اُنکو قتل کر دیے یا سولی چڑھائے، یا کاٹیۓ اُنکے ہاتھ اور پاؤں مقابل کا، یا دُور کر دیے (نکال دیے جائیں) اُس ملک سے۔

ذَلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ (٣٣)

یہ اُنکی رسوائی ہے دنیا میں، اور ان کو آخرت میں بڑی مار ہے۔

إِلاَّ الَّذِينَ تَابُواْ مِن قَبْلِ أَن تَقْدِرُواْ عَلَيْهِمْ فَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٣٤)

مگر جنہوں نے توبہ کی تمہارے ہاتھ پڑنے (قابو پانے) سے پہلے۔ تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اتَّقُواْ اللّهَ وَابْتَغُواْ إِلَيهِ الْوَسِيلَةَ

اے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ سے، اور ڈھونڈو اس تک وسیلہ،

وَجَاهِدُواْ فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (٣٥)

اور لڑائی کرو اس کی راہ میں شاید تمہارا بھلا ہو۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الأَرْضِ جَمِيعًا

جو کافر ہیں، اگر اُنکے پاس ہو جتنا کچھ زمین میں ہے سارا

وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُواْ بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ

اور اسکے ساتھ اتنا اور، چھڑوائی (فدیہ) میں دیں اپنے قیامت کے عذاب سے، وہ ان سے قبول نہ ہو۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (٣٦)

اور انکو دُکھ کی مار ہے۔

يُرِيدُونَ أَن يَخْرُجُواْ مِنَ النَّارِ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ مِنْهَا

چاہیں گے، کہ نکل جائیں آگ سے، اور وہ نکلنے والے نہیں،

وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ (٣٧)

اور انکو عذاب دائم (ہمیشہ رہنے والا) ہے۔

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُواْ أَيْدِيَهُمَا جَزَاء بِمَا كَسَبَا

اور جو کوئی چور ہو مرد یا عورت، تو کاٹ ڈالو انکے ہاتھ، سزا انکی کمائی کی،

نَكَالاً مِّنَ اللّهِ وَاللّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (٣٨)

تنبیہ اللہ کی طرف سے ۔ اور اللہ زورآور ہے حکمت والا ۔

فَمَن تَابَ مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ اللّهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ

پھر جس نے توبہ کی اپنی تقصیر (گناہ) پیچھے اور سنوار پکڑی (اصلاح کرلی) تو اللہ اسکو معاف کرتا ہے ۔

إِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٣٩)

بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ

تو نے معلوم نہیں کیا کہ اللہ کو ہے سلطنت آسمان وزمین کی ،

يُعَذِّبُ مَن يَشَاء وَيَغْفِرُ لِمَن يَشَاء

عذاب کرے جسکو چاہے اور بخشے جسکو چاہے ۔

وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (٤٠)

اور اللہ سب چیز پر قادر ہے ۔

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ لاَ يَحْزُنكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ

اے رسول ! اُن پر (غمگین نہ ہو) جو دوڑ کر لگتے ہیں منکر ہونے ،

مِنَ الَّذِينَ قَالُواْ آمَنَّا بِأَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِن قُلُوبُهُمْ

وہ جو کہتے ہیں ہم مسلمان ہیں اپنے منہ سے ، اور ان کے دل مسلمان نہیں ۔

وَمِنَ الَّذِينَ هِادُواْ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ سَمَّاعُونَ لِقَوْمٍ آخَرِينَ لَمْ يَأْتُوكَ

اور وہ جو یہودی ہیں ، جاسوسی کرتے ہیں جھوٹ بولنے کو ، اور جاسوس ہیں دوسری جماعت کے ، جو تجھ تک نہیں آئے ۔

يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِن بَعْدِ مَوَاضِعِهِ

بے اسلوب کرتے ہیں بات کو اس کا ٹھکانا چھوڑ کر ۔

يَقُولُونَ إِنْ أُوتِيتُمْ هَـذَا فَخُذُوهُ وَإِن لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُواْ

کہتے ہیں ، اگر تم کو یہ ملے تو لو ، اور اگر یہ نہ ملے تو بچتے رہو ۔

وَمَن يُرِدِ اللّهُ فِتْنَتَهُ فَلَن تَمْلِكَ لَهُ مِنَ اللّهِ شَيْئًا

اور جس کو اللہ نے بچلانا (آزمانا) چاہا سو اس کا کچھ نہیں کر سکتا اللہ کے ہاں (مقابلہ میں)۔

أُوْلَـئِكَ الَّذِينَ لَمْ يُرِدِ اللّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ

(یہ) وہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے نہ چاہا، کہ دل پاک کرے۔

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ (٤١)

اُن کو دنیا میں ذلت ہے، اور ان کو آخرت میں بڑی مار ہے۔

سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ أَكَّالُونَ لِلسُّحْتِ

بڑے جاسوس جھوٹ کہنے کو، اور بڑے حرام کھانے والے۔

فَإِن جَآؤُوكَ فَاحْكُم بَيْنَهُم أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ

سو اگر آئیں تجھ پاس، تو حکم (فیصلہ) کر دے ان میں، یا تغافل کر (منہ موڑ لو) اُن سے۔

وَإِن تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَن يَضُرُّوكَ شَيْئًا

اور تو تغافل کرے (منہ موڑے) گا، تو تیرا کچھ نہ بگاڑیں گے۔

وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُم بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ إِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ(٤٢)

اور اگر حکم (فیصلہ) کرے تو حکم (فیصلہ) کر اُن میں انصاف کا۔ اللہ چاہتا ہے انصاف والوں کو۔

وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِندَهُمُ التَّوْرَاةُ فِيهَا حُكْمُ اللّهِ

اور کس طرح تجھ کو منصف کریں گے؟ اور انکے پاس توریت ہے، جس میں (لکھا ہے) حکم اللہ کا،

ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِن بَعْدِ ذَلِكَ وَمَا أُوْلَـئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ(٤٣)

پھر اس پیچھے پھرے جاتے ہیں۔ اور وہ ماننے والے نہیں۔

إِنَّا أَنزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيهَا هُدًى وَنُورٌ

ہم نے اتاری توریت، اس میں ہدایت اور روشنی،

يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ الَّذِينَ أَسْلَمُواْ لِلَّذِينَ هَادُواْ وَالرَّبَّانِيُّونَ وَالأَحْبَارُ

اس پر حکم (فیصلہ) کرتے پیغمبر جو حکم بردار تھے یہود کو اور (فیصلہ کرتے تھے) درویش اور عالم،

بِمَا اسْتُحْفِظُواْ مِن كِتَابِ اللّهِ وَكَانُواْ عَلَيْهِ شُهَدَاء

اس واسطے کہ نگہبان ٹھہرائے تھے اللہ کی کتاب پر اور اس کی خبرداری پر تھے۔

فَلاَ تَخْشَوُاْ النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلاَ تَشْتَرُواْ بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلاً

اور تم نہ ڈرو لوگوں سے، اور مجھ سے ڈرو، اور مت خریدکرو میری آیتوں پر مول تھوڑا۔

وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أنزَلَ اللّهُ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ(٤٤)

اور جو کوئی حکم (فیصلہ) نہ کرے اللہ کے اُتارے (نازل کردہ) پر، سو وہی لوگ ہیں منکر۔

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ

اور لکھ دیا ہم نے اُن پر اس کتاب میں کہ جی (جان) کے بدلے جی (جان)، اور آنکھ کے بدلے آنکھ،

وَالأَنفَ بِالأَنفِ وَالأُذُنَ بِالأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ

اور ناک کے بدلے ناک، اور کان کے بدلے کان، اور دانت کے بدلے دانت، اور زخموں کا بدلہ برابر۔

فَمَن تَصَدَّقَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُ

پھر جس نے بخش دیا، تو اُس سے وہ پاک ہوا (گناہوں سے)۔

وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أنزَلَ اللّهُ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ(٤٥)

اور جو کوئی حکم (فیصلہ) نہ کرے اللہ کے اُتارے پر، سو وہی لوگ ہیں بے انصاف۔

وَقَفَّيْنَا عَلَى آثَارِهِم بِعَيسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ

اور پیچھا ڑی (بعد) میں بھیجا ہم نے انہی کے قدموں پر عیسیٰ مریم کا بیٹا۔ سچ بتاتا توریت کو جو آگے (پہلے) سے تھی۔

وَآتَيْنَاهُ الإِنجِيلَ فِيهِ هُدًى وَنُورٌ

اور اسکو دی ہم نے انجیل، جس میں ہدایت اور روشنی،

وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ(٤٦)

اور سچا کرتی اپنی اگلی توریت کو، اور راہ بتاتی اور نصیحت ڈروالوں کو۔

وَلْيَحْكُمْ أَهْلُ الإِنجِيلِ بِمَا أنزَلَ اللّهُ فِيهِ

اور چاہیے کہ حکم (فیصلہ) کریں انجیل والے اس پر، جو اللہ نے اتارا اس میں۔

وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أنزَلَ اللّهُ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ(٤٧)

اور جو کوئی حکم (فیصلہ) نہ کرے اللہ کے اتارے پر، سو وہی لوگ ہیں بے حکم۔

وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ

اور تجھ پر اتاری ہم نے (یہ) کتاب تحقیق سچا کرتی اگلی کتابوں کو، اور سب پر شامل،

فَاحْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ وَلاَ تَتَّبِعْ أَهْوَاءهُمْ عَمَّا جَاءكَ مِنَ الْحَقِّ

سو تو حکم (فیصلہ) کر ان میں (کے درمیان) جو اتارا اللہ نے، اور انکی خوشی (خواہش) پر مت چل، چھوڑ کر حق، جو تیرے پاس آئی۔

لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا

ہر ایک کو تم میں دیا ہم نے ایک دستور اور راہ۔

وَلَوْ شَاء اللّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَـكِن لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَآ آتَاكُم فَاسْتَبِقُوا الخَيْرَاتِ

اور اللہ چاہتا تو تم کو ایک دین پر کرتا، لیکن تم کو آزمایا چاہے اپنے دیے حکم میں، سو تم بڑھ کر لو خوبیاں (نیکیاں)۔

إِلَى الله مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ(٤٨)

اللہ کے پاس تم سب کو پہنچنا (لوٹنا) ہے، پھر جتا (آگاہ کر) دیگا جس بات میں تم کو اختلاف تھا۔

وَأَنِ احْكُم بَيْنَهُم بِمَآ أَنزَلَ اللّهُ وَلاَ تَتَّبِعْ أَهْوَاءهُمْ

اور یہ فرمایا کہ حکم (فیصلہ) کر ان میں جو اللہ نے اتارا، اور مت چل ان کی خوشی (خواہش) پر،

وَاحْذَرْهُمْ أَن يَفْتِنُوكَ عَن بَعْضِ مَا أَنزَلَ اللّهُ إِلَيْكَ

اور بچتا رہ اُن سے، کہ تجھ کو بہکا نہ دیں کسی حکم سے جو اللہ نے اتارا تجھ پر۔

فَإِن تَوَلَّوْاْ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يُرِيدُ اللّهُ أَن يُصِيبَهُم بِبَعْضِ ذُنُوبِهِمْ

پھر اگر نہ مانیں تو جان لے کہ اللہ نے یہی چاہا ہے کہ پہنچا دے انکو کچھ سزا اُنکے گناہوں کی،

وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ(٤٩)

اور لوگوں میں بہت ہیں بے حکم۔

أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ

اب کیا حکم (فیصلہ) چاہتے ہیں کفر کے (جاہلیت کے) وقت کا،

وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ (٥٠)

اور اللہ سے بہتر کون ہے حکم کرنے والا؟ یقین رکھتے لوگوں کو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى أَوْلِيَاء

اے ایمان والو! مت پکڑو یہود اور نصاریٰ کو رفیق (دوست)۔

بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ

وہی آپس میں رفیق (دوست) ہیں ایک دوسرے کے۔

وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ

اور جو کوئی تم میں ان سے رفاقت (دوستی) کرے، وہ انہی میں (سے) ہے۔

إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (٥١)

(بیشک) اللہ راہ (ہدایت) نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو۔

فَتَرَى الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يُسَارِعُونَ فِيهِمْ

اب تو دیکھے گا جنکے دل میں آزار (نفاق کا روگ) ہے، دوڑ کر ملے جاتے ہیں ان میں،

يَقُولُونَ نَخْشَى أَن تُصِيبَنَا دَآئِرَةٌ

کہتے ہیں، کہ ہم کو ڈر ہے کہ نہ آجائے ہم پر گردش (آفت)،

فَعَسَى اللّهُ أَن يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِندِهِ فَيُصْبِحُواْ عَلَى مَا أَسَرُّواْ فِي أَنْفُسِهِمْ نَادِمِينَ(٥٢)

سو شاید اللہ جلد بھیجے فیصلہ یا کچھ حکم اپنے پاس سے، تو فجر کو لگیں اپنے جی کی چھپی بات پر پچھتانے۔

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُواْ أَهَـؤُلاء الَّذِينَ أَقْسَمُواْ بِاللّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ

کہتے ہیں مسلمان کہ یہ وہی لوگ ہیں کہ قسمیں کھاتے تھے اللہ کی تاکید سے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں؟

حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُواْ خَاسِرِينَ(٥٣)

خراب کئے انکے عمل، پھر رہ گئے نقصان میں۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ مَن يَرْتَدَّ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَسَوْفَ يَأْتِي اللّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ

اے ایمان والو! جو کوئی تم میں پھرے گا اپنے دین سے تو اللہ آگے لادیگا ایک لوگ کہ انکو چاہتا ہے اور وہ اسکو چاہتے ہیں،

أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِينَ

نرم دل ہیں مسلمانوں پر، اور زبردست ہیں کافروں پر۔

يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّهِ وَلاَ يَخَافُونَ لَوْمَةَ لآئِمٍ

لڑتے ہیں اللہ کی راہ میں، اور ڈرتے نہیں کسی کے الزام سے۔

ذَلِكَ فَضْلُ اللّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاء وَاللّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ(٥٤)

یہ فضل ہے اللہ کا، دے گا جسکو چاہے۔ اور اللہ کشائش (فراخی) والا ہے۔

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُواْ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلاَةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ(٥٥)

تمہارا رفیق وہی اللہ ہے اور اسکا رسول، اور ایمان والے، جو قائم ہیں نماز پر اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور وہ نوے (جھکنے والے) ہیں۔

وَمَن يَتَوَلَّ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُواْ فَإِنَّ حِزْبَ اللّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ (٥٦)

اور جو کوئی رفاقت پکڑے اللہ کی اور اسکے رسول کی اور ایمان والوں کی، تو اللہ کی جماعت وہی ہوں گے غالب۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ الَّذِينَ اتَّخَذُواْ دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا

اے ایمان والو! رفیق نہ پکڑو ایسوں کو جو ٹھیراتے ہیں تمہارا دین ہنسی اور کھیل،

مِّنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاء

(ان میں سے) وہ جو کتاب دیے گئے تم سے پہلے، اور وہ جو کافر ہیں۔

وَاتَّقُواْ اللّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ(٥٧)

اور ڈرو اللہ سے، اگر یقین رکھتے ہو۔

وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلاَةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا

اور جس وقت پکارو نماز کو اس کو ٹھیرائیں ہنسی اور کھیل۔

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لاَّ يَعْقِلُونَ (٥٨)

یہ اس واسطے کہ وہ لوگ بے عقل ہیں۔

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ هَلْ تَنقِمُونَ مِنَّا إِلاَّ أَنْ آمَنَّا بِاللّهِ

تُو کہہ، اے کتاب والو! کیا بَیر (ضد) ہے تم کو ہم سے، مگر یہی کہ ہم یقین لائے اللہ پر

وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فَاسِقُونَ(٥٩)

اور جو ہم کو اُترا، اور جو اُترا پہلے، اور یہی کہ تم میں اکثر بے حکم ہیں؟

قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَلِكَ مَثُوبَةً عِندَ اللّهِ

تُو کہہ، میں تم کو بتاؤں، ان میں کس کی بری جگہ ہے اللہ کے ہاں؟

مَن لَّعَنَهُ اللّهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوتَ

وہی جس کو اللہ نے لعنت کی اور اس پر غضب ہوا، اور ان میں بعضے بندر کئے اور سوٗر، اور پوجنے لگے شیطان کو۔

أُوْلَـئِكَ شَرٌّ مَّكَاناً وَأَضَلُّ عَن سَوَاء السَّبِيلِ(٦٠)

وہی بدتر ہیں درجہ میں، اور بہت بہکے سیدھی راہ سے۔

وَإِذَا جَآؤُوكُمْ قَالُوَاْ آمَنَّا وَقَد دَّخَلُواْ بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُواْ بِهِ

اور جب تم پاس آئیں کہیں ہم یقین لائے، اور منکر ہی آئے تھے اور اسی طرح نکلے۔

وَاللّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُواْ يَكْتُمُونَ(٦١)

اور اللہ خوب جانتا ہے جو چھپا رہے تھے۔

وَتَرَى كَثِيرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُونَ فِي الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ

اور تو دیکھے بہت ان میں دوڑتے ہیں گناہ پر اور زیادتی پر، اور حرام کھانے پر۔

لَبِئْسَ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (٦٢)

کیا بُرے کام ہیں جو کر رہے ہیں۔

لَوْلاَ يَنْهَاهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالأَحْبَارُ عَن قَوْلِهِمُ الإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ

کیوں نہیں منع کرتے اُنکے درویش اور مُلّا، گناہ کی بات کہنے سے اور حرام کھانے سے؟

لَبِئْسَ مَا كَانُواْ يَصْنَعُونَ (٦٣)

کیا بُرے عمل ہیں جو کر رہے ہیں۔

وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللّهِ مَغْلُولَةٌ

اور یہود کہتے ہیں اللہ کا ہاتھ بندھ گیا۔

غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُواْ بِمَا قَالُواْ بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنفِقُ كَيْفَ يَشَاء

انہیں کے ہاتھ باندھے جائیں اور لعنت ہے انکو اس کہنے پر۔ بلکہ اسکے دونوں ہاتھ کھلے ہیں، خرچ کرتا ہے جس طرح چاہے۔

وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا

اور اس حکم سے جو تجھ کو اُترا تیرے رب کی طرف سے، انکو بڑھے گی اور شرارت اور انکار۔

وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاء إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اور ہم نے ڈال رکھی ہے اُن میں دشمنی اور بیر (عداوت) قیامت کے دن تک۔

كُلَّمَا أَوْقَدُواْ نَارًا لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا اللّهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الأَرْضِ فَسَادًا

جب ایک آگ سلگاتے (بھڑکاتے) ہیں لڑائی کے واسطے، اللہ اسکو بجھاتا ہے۔ اور دوڑتے ہیں ملک میں فساد کرتے۔

وَاللّهُ لاَ يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ(٦٤)

اور اللہ نہیں چاہتا فساد والوں کو۔

وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ آمَنُواْ وَاتَّقَوْاْ لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلأدْخَلْنَاهُمْ جَنَّاتِ النَّعِيمِ (٦٥)

اور اگر کتاب والے ایمان لاتے اور ڈرتے تو ہم اتار دیتے اُنکی برائیاں اور انکو داخل کرتے نعمت کے باغوں میں۔

وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُواْ التَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيهِم مِّن رَّبِّهِمْ لأكَلُواْ مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِم

اور اگر وہ قائم رکھیں توریت اور انجیل کو اور جو اُترا انکو اُنکے رب کی طرف سے، تو کھائیں اپنے اُوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے۔

مِّنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ سَاء مَا يَعْمَلُونَ(٦٦)

کچھ لوگ ان میں ہیں سدھے (میانہ رو ہیں)۔ اور بہت اُنکے بُرے کام کر رہے ہیں۔

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ

اے رسول! پہنچا جو تجھ کو اُترا تیرے رب سے۔

وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ

اور اگر یہ نہ کیا تو تُو نے کچھ نہ پہنچایا اس کا پیغام۔

وَاللّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ

اور اللہ تجھ کو بچا لے گا لوگوں (کے شر) سے،

إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ﴿٦٧﴾

اللہ راہ نہیں دیتا منکر قوم کو۔

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَسْتُمْ عَلَى شَيْءٍ حَتَّىَ تُقِيمُواْ التَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ

تُو کہہ اے کتاب والو! تم کچھ راہ پر نہیں جب تک نہ قائم کرو توریت اور انجیل، اور جو تم کو اترا تمہارے رب سے۔

وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا

اور ان میں بہتوں کو بڑھے گی اس کلام سے، جو تجھ کو اُترا تیرے رب سے، شرارت اور انکار۔

فَلاَ تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ﴿٦٨﴾

سو تُو افسوس نہ کھا اس قوم منکر پر۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُواْ وَالَّذِينَ هَادُواْ وَالصَّابِؤُونَ وَالنَّصَارَى

البتہ جو مسلمان ہیں اور جو یہود ہیں، اور صابئین اور نصاریٰ،

مَنْ آمَنَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وعَمِلَ صَالِحًا

جو کوئی ایمان لائے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور عمل کرے نیک،

فَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٩﴾

نہ اُن پر ڈر ہے نہ وہ غم کھائیں۔

لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلاً

ہم نے لیا تھا قول بنی اسرائیل سے، اور بھیجے اُن کی طرف رسول۔

كُلَّمَا جَاءهُمْ رَسُولٌ بِمَا لاَ تَهْوَى أَنْفُسُهُمْ فَرِيقًا كَذَّبُواْ وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ﴿٧٠﴾

جب آیا اُن پاس کوئی رسول، جو نا خوش (پسند) آیا اُنکے جی (نفس) کو، کتنوں کو جھٹلایا اور کتنوں کا خون کرنے لگے۔

وَحَسِبُواْ أَلاَّ تَكُونَ فِتْنَةٌ فَعَمُواْ وَصَمُّواْ

اور خیال کیا کہ کچھ خرابی نہ ہو گی، سو اندھے ہو گئے اور بہرے،

ثُمَّ تَابَ اللّهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُواْ وَصَمُّواْ كَثِيرٌ مِّنْهُمْ

پھر اللہ متوجہ ہوا اُن پر (توبہ قبول کی)، پھر اندھے اور بہرے ہوئے ان میں بہت۔

وَاللّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ(٧١)

اور اللہ دیکھتا ہے جو کرتے ہیں۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ

بیشک کافر ہوئے جنہوں نے کہا، اللہ وہی مسیح ہے مریم کا بیٹا۔

وَقَالَ الْمَسِيحُ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اعْبُدُواْ اللّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ

اور مسیح نے کہا، اے بنی اسرائیل! بندگی کرو اللہ کی، جو رب ہے میرا اور تمہارا،

إِنَّهُ مَن يُشْرِكْ بِاللّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّهُ عَلَيهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ

مقرر جس نے شریک کیا اللہ کا، سو حرام کی اللہ نے اس پر جنت، اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔

وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ(٧٢)

کوئی نہیں گنہگاروں کی مدد کرنے والا۔

لَّقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ ثَالِثُ ثَلاَثَةٍ وَمَا مِنْ إِلَـهٍ إِلاَّ إِلَـهٌ وَاحِدٌ

بیشک کافر ہوئے جنہوں نے کہا، اللہ ہے تین میں کا ایک، اور (حالانکہ) بندگی کسی کو نہیں مگر ایک معبود کو۔

وَإِن لَّمْ يَنتَهُواْ عَمَّا يَقُولُونَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ(٧٣)

اور اگر نہ چھوڑیں گے جو بات کہتے ہیں، البتہ جو ان میں منکر ہیں پائیں گے دُکھ کی مار۔

أَفَلاَ يَتُوبُونَ إِلَى اللّهِ وَيَسْتَغْفِرُونَهُ وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٧٤)

کیوں نہیں توبہ کرتے اللہ پاس اور گناہ بخشواتے اور اللہ بخشنے والا مہربان۔

مَّا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ إِلاَّ رَسُولٌ

اور کچھ نہیں مسیح مریم کا بیٹا مگر رسول ہے۔

قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ

گزر چکے اس سے پہلے بہت رسول۔ اور اس کی ماں ولی ہے۔

كَانَا يَأْكُلاَنِ الطَّعَامَ

دونوں کھاتے تھے کھانا،

انظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الآيَاتِ ثُمَّ انظُرْ أَنَّى يُؤْفَكُونَ (٧٥)

دیکھ ہم کیسے بتاتے ہیں ان کو نشانیاں، پھر دیکھ کہاں اُلٹے جاتے ہیں۔

قُلْ أَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا

تُو کہہ، تم ایسی چیز پُوجتے ہو اللہ چھوڑ کر جو مالک نہیں تمہارے بُرے کی، نہ بھلے کی۔

وَاللّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (٧٦)

اور اللہ وہی ہے سنتا جانتا۔

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لاَ تَغْلُواْ فِي دِينِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ

تُو کہہ اے اہل کتاب! مت مبالغہ کرو اپنے دین کی بات میں ناحق کا،

وَلاَ تَتَّبِعُواْ أَهْوَاء قَوْمٍ قَدْ ضَلُّواْ مِن قَبْلُ وَأَضَلُّواْ كَثِيرًا

اور مت چلو خیال پر ایک لوگوں کے، جو بہک گئے ہیں آگے اور بہکا گئے بہتوں کو،

وَضَلُّواْ عَن سَوَاء السَّبِيلِ(٧٧)

اور بھولے سیدھی راہ سے۔

لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى لِسَانِ دَاوُودَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ

لعنت کھائی منکروں نے بنی اسرائیل میں سے، داؤد کی زبان پر اور عیسیٰ بیٹے مریم کی۔

ذَلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُواْ يَعْتَدُونَ(٧٨)

یہ اس سے کہ گنہگار تھے اور حد پر نہ رہتے تھے۔

كَانُواْ لاَ يَتَنَاهَوْنَ عَن مُّنكَرٍ فَعَلُوهُ

آپس میں منع نہ کرتے بُرے کام سے، جو کر رہے تھے۔

لَبِئْسَ مَا كَانُواْ يَفْعَلُونَ (٧٩)

کیا بُرا کام ہے جو کرتے تھے۔

تَرَى كَثِيرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ كَفَرُواْ

تو دیکھے ان میں بہت لوگ رفیق ہوتے ہیں کافروں کے ۔

لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنفُسُهُمْ أَن سَخِطَ اللّهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ(٨٠)

بُری تیاری بھیجی ہے اپنے واسطے کہ اللہ کا غضب ہوا اُن پر اور ہمیشہ وہ عذاب میں ہیں ۔

وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِالله والنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاء

اور اگر یقین رکھتے اللہ پر اور نبی پر اور جو اس پر اُترا تو انکو رفیق (دوست) نہ ٹھیرا تے (بناتے)،

وَلَـكِنَّ كَثِيرًا مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ (٨١)

پر ان میں بہت لوگ بے حکم ہیں ۔

لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِينَ آمَنُواْ الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُواْ

تو پائے گا سب لوگوں میں زیادہ دشمنی مسلمانوں سے یہود کو اور شریک والوں کو،

وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِينَ آمَنُواْ الَّذِينَ قَالُوَاْ إِنَّا نَصَارَى

اور تو پائے گا سب سے نزدیک محبت میں مسلمانوں کی وہ لوگ جو کہتے ہیں ہم نصاریٰ ہیں،

ذَلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لاَ يَسْتَكْبِرُونَ (٨٢)

یہ اس واسطے کہ ان میں عالم ہیں اور درویش ہیں اور یہ کہ وہ تکبر نہیں کرتے ۔

وَإِذَا سَمِعُواْ مَا أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَى أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُواْ مِنَ الْحَقِّ

اور ہم کو کیا ہوا کہ یقین نہ لائیں اللہ پر اور جو پہنچا ہم پاس حق ؟

يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ (٨٣)

اور ہم کو توقع ہے کہ داخل کرے ہم کو رب ہمارا ساتھ نیک بختوں کے ۔

وَمَا لَنَا لاَ نُؤْمِنُ بِاللّهِ وَمَا جَاءنَا مِنَ الْحَقِّ

اور ہم کو کیا ہوا کہ یقین نہ لائیں اللہ پر اور جو پہنچا ہم پاس حق ؟

وَنَطْمَعُ أَن يُدْخِلَنَا رَبَّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ (٨٤)

اور ہم کو توقع ہے کہ داخل کرے ہم کو رب ہمارا ساتھ نیک بختوں کے ۔

فَأَثَابَهُمُ اللّهُ بِمَا قَالُواْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا

پھر انکو بدلہ دیا اُنکے رب نے ، اس کہنے پر ، باغ ، نیچے انکے بہتی نہریں ، رہا کریں ان میں ۔

وَذَلِكَ جَزَاء الْمُحْسِنِينَ (٨٥)

اور یہ ہے بدلہ نیکی والوں کا۔

وَالَّذِينَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ (٨٦)

اور جو منکر ہوئے اور جھٹلانے لگے ہماری آیتیں، وہ ہیں دوزخ کے لوگ۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تُحَرِّمُواْ طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّهُ لَكُمْ وَلاَ تَعْتَدُواْ

اے ایمان والو! مت حرام ٹھہراؤ ستھری چیزیں، جو اللہ نے تم کو حلال کیں، اور حد سے نہ بڑھو،

إِنَّ اللّهَ لاَ يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ (٨٧)

اللہ نہیں چاہتا زیادتی والوں کو۔

وَكُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ حَلاَلاً طَيِّبًا

اور کھاؤ اللہ کے دیئے سے، جو حلال ہو ستھرا،

وَاتَّقُواْ اللّهَ الَّذِيَ أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ (٨٨)

اور ڈرتے رہو اللہ سے جس پر یقین رکھتے ہو۔

لاَ يُؤَاخِذُكُمُ اللّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَـكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا عَقَّدتُّمُ الأَيْمَانَ

نہیں پکڑتا تم کو اللہ تمہاری بے فائدہ قسموں پر، لیکن پکڑتا ہے جو قسم تم نے گرہ باندھی۔

فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ

سو اسکا اتار، کھلانا دس محتاجوں کو بیچ (اوسط درجے) کا کھانا، جو دیتے ہو اپنے گھر والوں کو، یا انکو کپڑا دینا، یا ایک گردن آزاد کرنی۔

فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ

پھر جس کو پیدا (توفیق) نہ ہو تو روزہ تین دن کا۔

ذَلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ وَاحْفَظُواْ أَيْمَانَكُمْ

یہ اتار (کفارہ) ہے تمہاری قسموں کا جب قسم کھا بیٹھو۔ اور تھامتے رہو (حفاظت میں رکھو) اپنی قسمیں۔

كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ(٨٩)

یوں بتاتا ہے تم کو اللہ اپنے حکم، شاید تم احسان مانو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالأَنصَابُ وَالأَزْلاَمُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ

اے ایمان والو! یہ جو ہے شراب اور جوا اور بُت اور پانسے، گندے کام ہیں شیطان کے،

فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (٩٠)

سو ان سے بچتے رہو، شاید تمہارا بھلا ہو۔

إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَن يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاء فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ

شیطان یہی چاہتا ہے، کہ ڈالے تم میں دشمنی اور بَیر (بغض)، شراب سے اور جوئے سے،

وَيَصُدَّكُمْ عَن ذِكْرِ اللّهِ وَعَنِ الصَّلاَةِ

اور روکے تم کو اللہ کی یاد سے اور نماز سے،

فَهَلْ أَنتُم مُّنتَهُونَ (٩١)

پھر اب تم باز آؤ گے؟

وَأَطِيعُواْ اللّهَ وَأَطِيعُواْ الرَّسُولَ وَاحْذَرُواْ

اور حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا، اور بچتے رہو (برائیوں سے)۔

فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُواْ أَنَّمَا عَلَى رَسُولِنَا الْبَلاَغُ الْمُبِينُ (٩٢)

پھر اگر تم پھرو (منہ موڑو) گے تو جان لو کہ ہمارے رسول کا ذمہ یہی ہے پہنچا دینا کھول کر (واضح طور پر)۔

لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُواْ

جو لوگ ایمان لائے اور کام نیک کئے، ان پر نہیں گناہ جو کچھ پہلے کھا چکے،

إِذَا مَا اتَّقَواْ وَّآمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَواْ وَّآمَنُواْ ثُمَّ اتَّقَواْ وَّأَحْسَنُواْ

جب آگے ڈرے اور ایمان لائے اور عمل نیک کئے، پھر ڈرے اور یقین کیا، پھر ڈرے اور نیکی کی،

وَاللّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ (٩٣)

اور اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ

اے ایمان والو!

لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهُ أَيْدِيكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّهُ مَن يَخَافُهُ بِالْغَيْبِ

البتہ تم کو آزمائے گا اللہ، کچھ ایک شکار کے حکم سے، جس پر پہنچیں ہاتھ تمہارے اور نیزے، کہ معلوم کرے اللہ کہ کون اس سے ڈرتا ہے بن دیکھے۔

فَمَنِ اعْتَدَى بَعْدَ ذَلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ(٩٤)

پھر جس نے زیادتی کی اس کے بعد تو اسکو دکھ کی مار ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَقْتُلُواْ الصَّيْدَ وَأَنتُمْ حُرُمٌ

اے ایمان والو! نہ مارو شکار جس وقت تم ہو احرام میں۔

وَمَن قَتَلَهُ مِنكُم مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاء مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ

اور جو کوئی تم میں اسکو مارے جان کر، تو بدلہ ہے اُس مارے کے برابر مویشی میں سے،

يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ هَدْيًا بَالِغَ الْكَعْبَةِ

وہ ٹھہرائیں دو معتبر تمہارے کہ نیاز پہنچا دے کعبہ تک،

أَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسَاكِينَ أَو عَدْلُ ذَلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوقَ وَبَالَ أَمْرِهِ

یا گناہ کا اُتار (کفارہ) ہے کئی محتاج کا کھانا، یا اسکے برابر روزے، کہ چکھے سزا اپنے کام کی،

عَفَا اللّهُ عَمَّا سَلَف

اللہ نے معاف کیا جو ہو چکا۔

وَمَنْ عَادَ فَيَنتَقِمُ اللّهُ مِنْهُ وَاللّهُ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ(٩٥)

اور جو کوئی پھر کرے گا، اس سے بَیر (بدلہ) لیگا اللہ، اور اللہ زبردست ہے بَیر (بدلہ) لینے والا۔

أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ

حلال ہوا تم کو دریا کا شکار، اور اس کا کھانا، فائدہ کو تمہارے اور مسافروں کے۔

وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا

اور حرام ہوا تم پر شکار جنگل کا، جب تک رہو احرام میں۔

وَاتَّقُواْ اللّهَ الَّذِيَ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (٩٦)

اور ڈرتے رہو اللہ سے، جس پاس جمع ہو گے۔

جَعَلَ اللّهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِّلنَّاس

اللہ نے کیا ہے کعبہ، یہ گھر بزرگی کا ٹھہرا لوگوں کے واسطے،

وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلاَئِدَ

اور مہینہ بزرگی کا، اور قربانی لے جاتی اور گلے میں ٹکن والیاں (پٹے والے جانور)۔

ذَلِكَ لِتَعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ
یہ اس واسطے کہ تم سمجھو کہ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ ہے آسمان و زمین میں،

وَأَنَّ اللّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (٩٧)
اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

اعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٩٨)
جان رکھو! کہ اللہ کی مار سخت ہے، اور اللہ بخشنے والا مہربان (بھی) ہے۔

مَّا عَلَى الرَّسُولِ إِلاَّ الْبَلاَغُ وَاللّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ (٩٩)
رسول پر ذمہ نہیں مگر پہنچا دینا۔ اور اللہ کو معلوم ہے جو ظاہر میں کرو گے اور جو چھپا کر۔

قُل لاَّ يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ
تو کہہ، برابر نہیں گندا (ناپاک) اور پاک، اگرچہ تجھ کو خوش لگے گندے (ناپاک) کی بہتایت (کثرت)۔

فَاتَّقُواْ اللّهَ يَا أُوْلِي الأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (١٠٠)
سو ڈرتے رہو اللہ سے، اے عقلمندو! شاید تمہارا بھلا ہو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَسْأَلُواْ عَنْ أَشْيَاء إِن تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ
اے ایمان والو! مت پوچھو بہت چیزیں کہ اگر تم پر کھولے تو تم کو بُری لگیں۔

وَإِن تَسْأَلُواْ عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ
اور اگر پوچھو گے جس وقت قرآن اُترتا ہے تو کھولی جائیں گی۔

عَفَا اللّهُ عَنْهَا وَاللّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ (١٠١)
اللہ نے اُن سے درگذر کی ہے۔ اور اللہ بخشتا ہے تحمل والا۔

قَدْ سَأَلَهَا قَوْمٌ مِّن قَبْلِكُمْ ثُمَّ أَصْبَحُواْ بِهَا كَافِرِينَ (١٠٢)
ویسی باتیں پوچھ چکے ہیں ایک لوگ تم سے پہلے، پھر سویرے اُن سے منکر ہوئے۔

مَا جَعَلَ اللّهُ مِن بَحِيرَةٍ وَلاَ سَآئِبَةٍ وَلاَ وَصِيلَةٍ وَلاَ حَامٍ
نہیں ٹھہرایا اللہ نے بحیرہ اور نہ سائبہ اور نہ وصیلہ اور نہ حامی،

وَلَـكِنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ

اور لیکن کافر باندھتے ہیں اللہ پر جھوٹ ۔

وَأَكْثَرُهُمْ لاَ يَعْقِلُونَ (١٠٣)

اور ان میں بہتوں کو عقل نہیں ۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْاْ إِلَى مَا أَنزَلَ اللّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ

اور جب کہیے ان کو آؤ اس طرف، جو اللہ نے نازل کیا، اور رسول کی طرف،

قَالُواْ حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءنَا

کہیں ہم کو کفایت (کافی) ہے جس پر پایا ہم نے اپنے باپ دادوں کو۔

أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ شَيْئًا وَلاَ يَهْتَدُونَ (١٠٤)

بھلا اُنکے باپ نہ علم رکھتے ہوں کچھ اور نہ راہ جانتے تو بھی؟

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ عَلَيْكُمْ أَنفُسَكُمْ لاَ يَضُرُّكُم مَّن ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ

اے ایمان والو! تم پر لازم ہے فکر اپنی جان کا۔ تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی بہکا، جب ہوئے تم راہ پر۔

إِلَى اللّهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (١٠٥)

اللہ پاس پھر جانا (لوٹنا) ہے تم سب کو، پھر وہ جتا (بتلا) دے گا جو کچھ تم کرتے تھے۔

يا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

اے ایمان والو! گواہ تمہارے اندر جب پہنچے کسی کو تم میں موت،

حِينَ الْوَصِيَّةِ اثْنَانِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ أَوْ آخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ

جب لگے وصیت کرنے، دو شخص معتبر چاہئیں تم میں سے، یا دو اور ہوں تمہارے سوا،

إِنْ أَنتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الأَرْضِ فَأَصَابَتْكُم مُّصِيبَةُ الْمَوْتِ تَحْبِسُونَهُمَا مِن بَعْدِ الصَّلاَةِ فَيُقْسِمَانِ بِاللّهِ

اگر تم نے سفر کیا ہو ملک میں، پھر پہنچے تم پر مصیبت موت کی۔ دونوں کو کھڑا کرو بعد نماز کے، وہ قسم کھائیں اللہ کی،

إِنِ ارْتَبْتُمْ لاَ نَشْتَرِي بِهِ ثَمَنًا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَى

اگر تم کو شبہ پڑے، (تو وہ) کہیں ہم نہیں بیچتے قسم مال پر، اگرچہ کسی کو ہم سے قرابت ہو،

وَلاَ نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّهِ إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الآثِمِينَ(١٠٦)

اور ہم نہیں چھپاتے اللہ کی گواہی، نہیں تو ہم گنہگار ہیں۔

فَإِنْ عُثِرَ عَلَى أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا إِثْمًا فَآخَرَانِ يِقُومَانُ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِينَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الأَوْلَيَانِ

پھر اگر خبر ہو جائے کہ وہ دونوں حق دبا گئے گناہ سے، تو دو اور کھڑے ہوں اُنکی جگہ، کہ جنکا حق دبا ہے اُن میں جو بہت نزدیک ہیں،

فَيُقْسِمَانِ بِاللّهِ لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِن شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ (١٠٧)

پھر قسم کھائیں اللہ کی کہ ہماری گواہی تحقیق (درست) ہے اُنکی گواہی سے، اور ہم نے زیادہ نہیں کیا، نہیں تو ہم بے انصاف ہیں۔

ذَلِكَ أَدْنَى أَن يَأْتُواْ بِالشَّهَادَةِ عَلَى وَجْهِهَا أَوْ يَخَافُواْ أَن تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ

اس میں لگتا ہے کہ شہادت ادا کریں راہ پر، یا ڈریں کہ الٹی پڑے گی قسم ہماری، اُن کی قسم کے بعد

وَاتَّقُوا اللّهَ وَاسْمَعُواْ وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ (١٠٨)

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور سُن رکھو۔ اور اللہ راہ نہیں دیتا بےحکم لوگوں کو۔

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّهُ الرُّسُلَ فَيَقُولُ مَاذَا أُجِبْتُمْ

جس دن اللہ جمع کرے گا رسول، پھر کہے گا تم کو کیا جواب دیا؟

قَالُواْ لاَ عِلْمَ لَنَا إِنَّكَ أَنتَ عَلاَّمُ الْغُيُوبِ (١٠٩)

بولیں گے ہم کو خبر نہیں۔ تو ہی ہے چھپی بات جانتا۔

إِذْ قَالَ اللّهُ يَا عِيسى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِي عَلَيْكَ وَعَلَى وَالِدَتِكَ

جب کہے گا اللہ، اے عیسٰی مریم کے بیٹے! یاد کر میرا احسان اپنے اُوپر، اور اپنی ماں پر،

إِذْ أَيَّدتُّكَ بِرُوحِ الْقُدُسِتُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلاً

جب مدد کی میں نے تجھ کو روحِ پاک سے۔ تُو کلام کرتا لوگوں سے گود میں اور بڑی عمر میں۔

وَإِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ

اور جب سکھائی میں نے تجھ کو کتاب اور پکی باتیں (حکمت) اور توریت اور انجیل۔

وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنفُخُ فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِي

اور جب تُو بناتا مٹی سے جانور کی صورت میرے حکم سے، پھر دم (پھونک) مارتا اس میں تو ہو جاتا جانور (پرندہ) میرے حکم سے،

وَتُبْرِىءُ الأَكْمَهَ وَالأَبْرَصَ بِإِذْنِي وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوتَى بِإِذْنِي

اور چنگا (اچھا) کرتا ماں کے پیٹ کا اندھا اور کوڑھی کو، میرے حکم سے۔ اور جب نکال کھڑے کرتا مُردے میرے حکم سے۔

وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنكَ

اور جب روکا میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے،

إِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِنْهُمْ إِنْ هَـذَا إِلاَّ سِحْرٌ مُّبِينٌ (١١٠)

جب تُو لایا اُن پاس نشانیاں، تو کہنے لگے جو کافر تھے ان میں، اور کچھ نہیں یہ جادو ہے صریح (کھلا)۔

وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُواْ بِي وَبِرَسُولِي

اور جب میں نے دل میں ڈالا حواریوں کے کہ یقین لاؤ مجھ پر اور میرے رسول پر۔

قَالُوَاْ آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ (١١١)

بولے ہم یقین لائے اور تُو گواہ رہ، کہ ہم حکم بردار ہیں۔

إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَن يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَاء

جب کہا حواریوں نے اے عیسٰی مریم کے بیٹے! تیرے رب سے ہو سکے کہ اُتارے ہم پر خوان بھرا آسمان سے؟

قَالَ اتَّقُواْ اللّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (١١٢)

بولا ڈرو اللہ سے، اگر تم کو یقین ہے۔

قَالُواْ نُرِيدُ أَن نَّأْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا

بولے ہم چاہتے ہیں، کہ کھائیں اس میں سے، اور چین پائیں ہمارے دِل،

وَنَعْلَمَ أَن قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّاهِدِينَ (١١٣)

اور ہم جانیں کہ تُو نے ہم کو سچ بتایا اور رہیں ہم اس پر گواہ۔

قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا أَنزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَاء

بولا عیسےٰ مریم کا بیٹا، اے اللہ رب ہمارے! اتار ہم پر خوان بھرا آسمان سے،

تَكُونُ لَنَا عِيداً لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنكَ

کہ وہ دن عید رہے ہمارے پہلوں اور پچھلوں کو، اور نشانی تیری طرف سے۔

وَارْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ (١١٤)

اور روزی دے ہم کو، اور تو ہے بہتر رزق دینے والا ۔

قَالَ اللّهُ إِنِّي مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ

کہا اللہ نے میں اُتاروں گا وہ خوان تم پر ۔

فَمَن يَكْفُرْ بَعْدُ مِنكُمْ فَإِنِّي أُعَذِّبُهُ عَذَابًا لاَّ أُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِينَ (١١٥)

پھر جو کوئی تم میں ناشکری کرے اس پیچھے تو میں اس کو وہ عذاب کروں گا، جو نہ کروں گا کسی کو جہان میں ۔

وَإِذْ قَالَ اللّهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ أَأَنتَ قُلتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلَـهَيْنِ مِن دُونِ اللّهِ

اور جب کہے گا اللہ، اے عیسیٰ مریم کے بیٹے! تُو نے کہا لوگوں کو؟ کہ ٹھہراؤ مجھ کو اور میری ماں کو دو معبود سوائے اللہ کے ۔

قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أَقُولَ مَا لَيْسَ لِي بِحَقٍّ

بولا تُو پاک ہے، مجھ کو نہیں بن آتا کہ کہوں جو مجھ کو نہیں پہنچتا ۔

إِن كُنتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ

اگر میں نے یہ کہا ہو گا، تو تجھ کو معلوم ہو گا ۔

تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلاَ أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ

تُو جانتا ہے جو میرے جی میں ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے جی میں ہے ۔

إِنَّكَ أَنتَ عَلاَّمُ الْغُيُوبِ(١١٦)

برحق تُو ہی ہے جانتا چھپی بات ۔

مَا قُلْتُ لَهُمْ إِلاَّ مَا أَمَرْتَنِي بِهِ أَنِ اعْبُدُواْ اللّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ

میں نے نہیں کہا ان کو، مگر تُو نے حکم کیا کہ بندگی کرو اللہ کی، جو رب ہے میرا اور تمہارا ۔

وَكُنتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ

اور میں اُن سے خبردار تھا، جب تک ان میں رہا ۔

فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنتَ أَنتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ

پھر جب تو نے مجھے پھر (اٹھا) لیا، تو تُو ہی تھا خبر رکھتا ا نکی ۔

وَأَنتَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (١١٧)

اور تُو ہر چیز سے خبردار ہے ۔

إِن تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ

اگر تو اُنکو عذاب کرے تو وہ بندے تیرے ہیں ۔

وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (١١٨)

اور اگر انکو معاف کرے تو تو ہی ہے زبردست حکمت والا ۔

قَالَ اللّهُ هَذَا يَوْمُ يَنفَعُ الصَّادِقِينَ صِدْقُهُمْ

فرمایا اللہ نے یہ وہ دن ہے کہ کام آئے گا سچوں کو اُنکا سچ ۔

لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا

انکو ہیں باغ ، جنکے نیچے بہتی نہریں ، رہا کریں اُن میں ہمیشہ ۔

رَّضِيَ اللّهُ عَنْهُمْ وَرَضُواْ عَنْهُ

اللہ راضی ہوا اُن سے اور وہ راضی ہوئے اُس سے ،

ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (١١٩)

یہی ہے بڑی مراد ملنی ۔

لِلّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا فِيهِنَّ

اللہ کو سلطنت ہے آسمان اور زمین کی ، اور جو اُن کے بیچ ہے ۔

وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (١٢٠)

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ۔

**********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com